ساتھ ملین فلسطینی اپنے وطن سے دور دیار غربت میں :- فلسطین کے مرکزی اعدادوشمار کے آفس کے عملہ نے غزہ پٹی اور مغربی کنارہ کے علاقہ میں ایک سروے کیا جس کے مطابق ان علاقوں میں فلسطینیوں کی مجموعی تعداد دوملین تین سو ہزار سے زیادہ ہے ان میں سے ایک ملین افراد غزہ پٹی میں ایک لاکھ ۸۲ ہزار قدس شہر کے مشرقی حصہ میں اور بقیہ مغربی کنارہ کے علاقہ میں ہیں۔ فلسطینی اعداد وشمار کے دفتر کے مدیر نبیل محمود سیلی کے بیان کے مطابق دنیا کے مختلف حصوں میں تقریباً ساتھ ملین فلسطینی اپنے وطن سے دور جلاوطنی کی زندگی بسر کررہے ہیں۔

یورپ میں بڑھتی ہوئی نسل پرستی یورپین معاشرہ کے لئے خطرہ :-

حال ہی میں ایک انکشاف کے مطابق ایک تہائی یورپین نسل پرستی کی زد میں ہیں۔ لوکسمبورج میں اس نسل پرستی کو ختم کرنے کے لیے ایک کانفرنس ہوئی جس میں یورپی برادری کے وزیر برائے اجتماعی امور بادریج فلین نے بڑھتی ہوئی نسل پرستی کو یورپی سوسائٹی کے لیے تشویشناک قرار دیا۔ اس نسل پرستی کے میدان میں بلجیم سرفہرست ہے۔ پھر فرانس اور دیگر ممالک ہیں۔

ایرپورٹ پر ہزاروں امریکن مسلمانوں کا نماز عید ادا کرنا :- سات ہزار سے زائد امریکی مسلمانوں نے اس سال نماز عید ایک ایسے میدان میں ادا کی جو فوجوں کے جہاز اترنے کے لیے مخصوص ہے۔ اخبار " المسلمون" کے بیان کے مطابق یہ پہلا اتفاق تھا کہ امریکی بحریہ کا وہ میدان جہاں فوجی جہاز اترتے ہیں، امریکی مسلمانوں کو نماز عید ادا کرنے کے لیے دیا گیا۔ اس میں نماز عید ادا کرنے کی اجازت حاصل کرنے کے لیے خود کئی بااثر عیسائی پادریوں نے کوشش کی۔ چنانچہ امریکی بحریہ کے جنرل اور پروٹسٹنٹ مسیحیوں کے دینی پیشوا " روبرت مانجوس " جو مذہباً یہودی تھے ان کو اس پر راضی کرنے کی بڑی کوشش کی۔ وہ کہتے ہیں کہ دو دن مانجوس سے اس موضوع پر ہماری بات چیت چلتی رہی، آخر کار وہ راضی ہوگئے اور مسلمانوں کو اس میں نماز ادا کرنے کی اجازت دیدی۔ یہ ہمارے لئے بڑا خوشگوار موقع تھا کہ ہم اسلامی دنیا کی ایک جھلک کا اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کریں اس لئے کہ ان کے دین کی اہمیت اور اس کی قدروقیمت کو ہم سمجھتے ہیں۔ اجازت ملنے کے بعد اس میدان میں نماز عید ادا کرنے کا اعلان کیا گیا چنانچہ ہزاروں کی تعداد میں مسلمانوں نے وہاں نماز عید ادا کی۔

انتہاپسند اسرائیلی خاتون کے خلاف اسرائیلی عدالت کا فیصلہ :- فلسطین کے مغربی پٹی کے جنوب میں واقع شہر الخلیل میں اسلام مخالف تصویروں کی تقسیم پر اسرائیلی عدالت